N-1-B

Roll No. ....................................

Total No. of Questions : 12]

[Total No. of Printed Pages : 15

XBAWZJ17

13601–B

URDU

Time : 3 Hours ]

[Maximum Marks : 100

(ا) تفصیلی جواب طلب سوالات۔

۱۔ درج ذیل اشارات کو غور سے پڑھنے کے بعد کسی ایک حصے کو عنوان کے ساتھ ۱۵۰/سے ۲۰۰/الفاظ پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے۔ ۱۲

(الف) جسمانی کھیلوں کے بہت فائدے ........ چست اور طاقتور ........

قوت اور صلاحیت ........ بھروسہ اور اعتماد ........ خوش مزاجی ........

پھرتی، حاضر دماغی ........ ایمانداری ........ انصاف کی عادت ........

مذہب ورنگ ونسل کا فرق ........ کتابوں اور نصاب کی پڑھائی ........ ہر

محض جسمانی ورزش
.......... نقصان دہ حالات
چیز کی زیادتی .........

.......... دونوں یکساں ضروری ہے۔

(ب) سائنس ہماری زندگی میں .......... مسرت کا اضافہ کیا ہے۔ اس کی

بدولت ہی آج انسان نے ساری .......... پر اپنا تسلط جما لیا ہے ..........

بیماریوں کا .......... ہے۔ سائنس نے ہماری .......... اور ذہن کو ..........

انسان چاند سے آگے .......... ہے۔ نئی نئی نعمتیں .......... ہمیں .......... لیکن

.......... اس کے .......... استعمال سے دنیا چند منٹوں میں .......... گی۔

(ج) لفظ اتفاق سے سب واقف ہیں۔ آپس میں .......... بیٹھنا ..........

ہمدردی کرنا .......... ایک .......... کے .......... میں شریک ہونا ..........

ہمارے ملک میں ہر مذہب اور .......... کے لوگ رہتے ہیں۔ ہمیں تعصب

نفرت ............ کرنی چاہئے۔ وطن کی حفاظت ............ رہنا چاہئے۔ سے

قوموں کو مٹا کر ............ دیتی ہے ............ میں بڑی طاقت ہے۔

۲۔ آپ کے دوست کے بھائی کی شادی کی تقریب میں آپ صحت ناساز ہونے کی وجہ سے شریک نہ ہو سکے۔ اب آپ خط لکھ کر اس کو مبارکبادی کا پیغام دیں۔

(یا)

آپ کے والد صاحب گھر سے باہر ہیں۔ آپ آنے والے تہواروں کے لئے اپنے گھر کے اخراجات کے لئے رقم کی فرمائش کا خط لکھیں۔

(یا)

اپنے والد کے تبادلہ ہونے پر اپنے اسکول کے سربراہ کے نام ڈسچارج سرٹیفکیٹ اجراء کرنے کے لئے ایک درخواست لکھئے۔ ۸

۳۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو سلیس اردو میں لکھئے۔ مضمون اور مصنف کا حوالہ بھی دیجئے۔ ۸

(الف) اس کے بعد ادھر اُدھر کی باتیں ہوا کیں۔ چلتے ہوئے جن نے ایک بٹوا نکالا۔ اس میں کپڑے اور کاغذ کی کئی تہوں میں تھوڑی لونگیں تھیں۔ ان میں دو لونگیں جن نے مزاج دار کو دیں اور کہا کہ دنیا میں محبت اسی واسطے ہوا کرتی ہے کہ ایک سے دوسرے کو فائدہ ہو۔ یہ دو لونگیں میں تم کو دیتی ہوں۔

(ب) مولانا بہت ہی رقیق القلب تھے۔ دوسرے کی تکلیف کو دیکھ کر بے چین ہو جاتے تھے اور جہاں تک اختیار میں ہوتا، اس کے رفع کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ حاجت مندوں کی حاجت روا کرنے میں بڑی فراخ دلی

سے کام لیتے تھے۔ باوجود یہ کہ ان کی آمدنی قلیل تھی، لیکن اپنے پرائے

خصوصاً مصیبت زدہ لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک کرتے تھے۔ سفارشیں کر کے

لوگوں کے کام نکالتے تھے۔

۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔

(i) بور کے لڈو۔

(ii) اور مزاج دار لٹ گئی۔ ۷

(یا)

درج ذیل چار سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھیے۔

(i) ملک صادق کون تھے اور شہزادے کے ساتھ ان کا کیا رشتہ تھا؟

(ii) محمد عاقل جن کی چال کو کیوں نہ سمجھ سکا؟

Turn Over

(iii) دورانِ سفر داروغہ جی کے ساتھ پیش آیا واقعہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

(iv) قومی اتحاد کے بارے میں مولانا حالی کا کیا خیال تھا؟

۵۔ درج ذیل نثری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ ۲

(i) داستان۔

(ii) ڈراما۔

(iii) خاکہ۔

۶۔ کسی ایک ادیب کے حالاتِ زندگی یا ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔ ۲

(i) ڈپٹی نذیر احمد۔

(ii) سر سید احمد خان۔

(iii) خواجہ غلام السیدین۔

۷۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کی بحوالہ شاعر تشریح کیجئے۔ ۶

(الف) کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بے خبر

میں بھی کبھو کسی کا سرِ پُر غرور تھا

(ب) زمین چمن گل کھلاتی ہے کیا کیا

بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے

(ج) ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں

ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

(د) تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں

کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں

(ہ) آبادی بھی دیکھی ہے ویرانے بھی دیکھے ہیں

جو اُجڑے اور پھر نہ بسے دل وہ نرالی بستی ہے

(و) اس نے کتنی لطیف بات کہی

خودشناسی خداشناسی ہے

(یا)

دیئے گئے شعری اجزاء میں سے کسی ایک جز کا مفہوم شاعر اور صنف شعر کے حوالے سے لکھئے۔

(الف) مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر

دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر

ہر آن ٹوٹ پڑتا ہے روٹی کے خوان پر

جس طرح کتے ٹوٹتے ہیں استخوان پر

ویسا ہی مفلسوں کو لڑاتی ہے مفلسی

(ب) رنگین نوا بنایا مرغان بے زباں کو

گل کو زبان دے کر تعلیم خامشی دی

نظارہ شفق کی خوبی زوال میں تھی

چمکا کے اس پری کو تھوڑی سی زندگی دی

۸۔ درج ذیل دو نامکمل اقتباسات کی مدد سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی اور شاعرانہ خوبیوں پر روشنی ڈالئے۔ ٦

(الف) محمد تقی نام..........تخلص۔۱۷۲۲ء..........آگرہ۔ پر دادا دکن..........محمد علی

..........علی متقی..........صوفی منش بزرگ سوتیلے ماموں سراج الدین آرزوؔ کے دامن

تربیت میں..........پائی۔۱۸۱۰ء..........انتقال..........میرؔ..........بہترین غزل گو

..........عظمت کا اعتراف..........میر کا کلیات چھ دواین پر..........غزل کے علاوہ کئی

مثنویاں..........مرثیے۔

(ب) آپ کا نام سید محمد اکبر اور.......... ہے۔ ادبی حلقوں میں..........

Turn Ov

جے پور راجستھان میں ہوئی تھی

جانے جاتے ہیں۔آپ کی ولادت ......

پیشے سے معلم تھے۔آپ کا ادبی سفر

...... آج سید علی عابدی تھا۔ ......

رثائی نظمیں بھی

...... پہلے ہی شروع ہوا تھا۔غزلوں کے علاوہ ......

لکھی ہیں ...... رومانی شاعر تھے۔

۹۔ مندرجہ ذیل شعری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ ۲

(i) نظم۔

(ii) قطعہ۔

(iii) مرثیہ۔

(ii) مختصر جواب طلب سوالات۔

(الف) دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کر کے عبارت کو مکمل کر کے لکھیے۔ ۴

الفاظ: خاموش ، کانپ ، مارپیٹ ، گیہوں ، گھن

سمجھایا ، طرح ، خیریت۔

اقتباس: پنڈت جی اب تک ......... تھے۔ دل میں ......... رہے تھے کہ کہیں ......... نہ ہو جائے تو ......... کے ساتھ ......... بھی پس جائے۔ موقع پا کر ٹھاکر صاحب کو ......... ٹھاکر نے ......... دینے میں ......... سمجھی۔

(ب) جب وہ آئے تو مجھے اطلاع دینا۔ ماشاءاللہ میں بھی آ جاؤں گا۔ جب تک مجھے حکم نہیں ہوگا۔

مندرجہ بالا جملوں میں ''جب''، ''تو''، ''ماشاءاللہ'' اور ''تک'' کس قسم کے حروف ہیں؟ ۴

(ج) درج ذیل جملوں کے خط کشیدہ الفاظ میں سے اسم صفت، اسم فاعل اور اسم مفعول کی نشاندہی کیجئے۔

(i) کھانے والا کھا کر چلا گیا۔

(ii) گول پتھر ندی کے کنارے ملا۔

(iii) وہ مظلوم ہے۔

۴

(iv) لکڑ ہارا لکڑی کاٹ رہا ہے۔

(د) ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے۔

ایوب خان دلیر ہے۔

(یا)

۴

احمد نے محمد کو باغ میں دیکھا۔

۱۱۔ (الف) (i) 'شاعر مشرق' کس شاعر کو کہتے ہیں؟

(ii) اقبال کی کون سی نظم آپ کی درسی کتاب میں شامل ہے؟ ۳

(ب) (i) ''نوکروں پر سخت گیری کرنے کا انجام'' کا شاعر کون ہے؟

(ii) قطعہ ''نوکروں پر سخت گیری کرنے کا انجام'' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ ۳

(ج) (i) قصیدہ ''شہر آشوب'' کا شاعر کون ہے؟

(ii) ''شہر آشوب'' کے کیا معنی ہیں؟ ۳

(iii) نہایت ہی مختصر جواب طلب سوالات۔

۱۲۔ (الف) دیئے گئے الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کی

تذکیر یا تانیث واضح ہو جائے۔ ۲

دولت۔ قلم۔

عمارت۔ بندوق۔

(ب) دیے گئے الفاظ میں سے دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔ ۲

خبر۔ تصاویر۔

اسباب۔ ورق۔

(ج) دیے گئے الفاظ میں سے صرف دو کی ضد لکھئے۔ ۲

روشنی۔ اوپر۔

بحر۔ محبت۔

(د) دیے گئے الفاظ میں سے صرف دو کی جمع الجمع لکھئے۔ ۲

خبر۔ دوا۔

وجہ۔ رسم۔

(ہ) درج ذیل الفاظ کو ان کے معنی سے جوڑیے۔ (صرف دو) ۲

| الفاظ | معنی |
| --- | --- |
| ازار بند۔ | (3) دشمنی۔ |
| مونگا۔ | (4) خرابی۔ |
| عداوت۔ | (1) کمر بند۔ |
| فتور۔ | (2) مرجان۔ |